# 21-02-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں:

۱۔وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے آج نارائن پیٹ ضلع میں مختلف ترقیاتی کاموں کے لئے سنگ بنیاد رکھا اورنئی عمارتوں کا افتتاح کیا۔وزیراعلیٰ نے ریاست بھرمیں ہراسمبلی حلقہ کو3500 اندراماں مکانات دینے کا اعلان کیا۔

۲۔مرکزی وزیرمملکت برائے داخلہ بنڈی سنجے کمار نے الزام لگایا کہ کانگریس حکومت لے آوٹ ریگولرائزیشن اسکیم ایل آر ایس کے تحت 50ہزار کروڑ روپے جمع کرنے کا منصوبہ رکھتی ہے۔

۳۔ کرشنا ریور مینجمنٹ بورڈ کے آر ایم بی نے آج منعقد ہونے والے اپنی ہنگامی میٹنگ کو پیر تک کے لئے ملتوی کردیا ہے۔

اور

۴۔ وزیراعظم نریندر مودی نے اِس بات پر زور دیا کہ ملک کے ہر شعبہ میں حرکیاتی لیڈروں کی ضرورت ہے کیونکہ ہندوستان طاقت کے طور پر ابھر رہا ہے۔

ZMS:

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے آج نارائن پیٹ ضلع کے اپک پلّی میں ضلع مہیلا سمکھیا کی جانب سے قائم کردہ پٹرول بنک کا افتتاح کیا۔بی پی سی ایل کے اشتراک سے یہ پٹرول بنک قائم کیا گیا ہےاور ریاست کا یہ پہلا پٹرول بنک ہوگا جومکمل طور پر خواتین کے زیرانتظام رہے گا۔اس موقع پرخطاب کرتے ہوئے وزیراعلیٰ نے ،ایک خاتون انجمن کی جانب سے خواتین کے زیرانتظام رہنے والے ملک کے پہلے پٹرول بنک کی لانچنگ پر مسرت کا اظہار کیا۔انہوں نے خواتین کو بااختیار بنانے کے تعلق سے ریاستی حکومت کے عہد کا اعادہ کیااور کہا کہ ریاست کی کسی بھی پہل میں خواتین پہلی ترجیح رہے گی۔ ریونت ریڈی نےعوام کی حکومت کی تشکیل کے بعد خواتین سیلف ہیلپ گروپس کے احیاء کا تذکرہ کرتے ہوئے کہا کہ فی الحال 67لاکھ خواتین ان گروپس کا حصہ ہیں۔انہوں نے تلنگانہ میں ایک کروڑ خواتین کولکھ پتی بنانے کی بات کہی۔ریونت ریڈی نے کہا کہ 600 آرٹی سی بسیں خواتین کی ملکیت میں دی گئی ہیں،تا کہ ان کی اقتصادی آزادی کو یقینی بنایا جاسکے۔انہوں نے خواتین کے تعاون کے لئے ایک ہزار میگاواٹ سولار پاور پلانٹس اور سیلف ہلپ گروپس کی مصنوعات کی فروخت کے لئے شلپارامم اسٹالس قائم کرنے کا منصوبہ ہے۔وزیراعلیٰ نے سیلف ہلپ گروپس سے جڑی خواتین کو ہرسال دوساڑیوں کی تقسیم کا اعلان کیااور کہا کہ انہیں اعلیٰ معیار کے ملبوسات دستیاب ہوں اور وہ اپنی بیٹیوں کے لئے بھی دے سکتی ہیں۔

Add ZMS

وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے آج نارائن پیٹ ضلع میں مختلف ترقیاتی کاموں کے لئے سنگ بنیاد رکھا اورنئی عمارتوں کا افتتاح کیا۔وزیراعلیٰ نے 130 کروڑ روپیوں کی لاگت سے نارائن پیٹ گورنمنٹ میڈیکل کالج اور ہاسٹل، 200 کروڑ روپے کی لاگت سے ینگ انڈیا انٹی گریٹیڈ ریسیڈنشیل اسکول کمپلیکس، 26 کروڑ روپے کی لاگت سے گورنمنٹ نرسنگ کالج کی تعمیراور 40 کروڑ روپے کی لاگت سے 100 بستروں پر مشتمل یونٹ کا سنگ بنیاد رکھا۔وزیراعلیٰ نے 296 کروڑ روپے کی لاگت سے سڑکوں کی تعمیر کے کاموں کا سنگ بنیاد رکھا۔ریونت ریڈی نے میڈیکل کالج کے اکیڈیمک بلاکس کا افتتاح کیا اور دھنواڑہ وہ نارائن پیٹ رورل پولیس اسٹیشن کی عمارتوں کا بھی افتتاح کیا۔

BANDI:

مرکزی وزیرمملکت برائے داخلہ بنڈی سنجے کمار نے الزام لگایا کہ کانگریس حکومت لے آوٹ ریگولرائزیشن اسکیم ایل آر ایس کے تحت 50 ہزار کروڑ روپے جمع کرنے کا منصوبہ رکھتی ہے۔انہوں نے عوام کے ساتھ دھوکہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ کانگریس نے اپنے انتخابی منشور میں مفت میں زمینوں کو ریگولائز کرانے کا وعدہ کیا تھا۔ایم ایل سی انتخابی مہم کے دوران پداپلی میں بنڈی سنجے نے وزیراعلیٰ ریونت ریڈی اور کانگریس کے دیگر قائدین کے ماضی میں کی گئی تقریروں کے ویڈیوز جاری کئے اور کہا کہ کانگریس قائدین ایل آر ایس کے تعلق سے اپنے پہلے موقف سے انحراف کررہے ہیں۔انہوں نے حکومت پر زور دیا کہ وہ اپنے وعدے کو پورا کرے، ورنہ اسے عوام کی شدید برہمی کا سامنا کرنا پڑے گا۔بنڈی سنجے نے بے روزگار نوجوانوں، اساتذہ اور دیگر ملازمین سے کئے گئے وعدوں کو بھی پورا نہ کرنے پر کانگریس پر الزام لگایا۔انہوں نے کہا کہ حکومت نے دولاکھ سرکاری ملازمتیں فراہم کرنے کا وعدہ کیا تھا تاہم ابھی تک 25 ہزار ملازمتوں کے لئے ہی نوٹیفکیشن جاری کئے گئے ہیں۔بی جے پی لیڈر نے ہر ماہ چار ہزار روپے بے روزگاری بھتہ دینے میں ناکامی اور فیس ری امبرسمنٹ کی 7500 کروڑ روپے کی رقم کی ادائیگی میں تاخیر پر بھی حکومت پر تنقید کی۔انہوں نے کہا کہ اس کی وجہ سے تعلیمی اداروں اور وہاں کے فیکلٹی کو مالی پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑرہا ہے۔

HC-KCR:

تلنگانہ ہائی کورٹ نے آج سابق وزیراعلیٰ و گجویل کے رکن اسمبلی چندر شیکھر راؤ اور سابق وزیر و بی آر ایس رکن اسمبلی ہریش راؤ کی میڈی گڈہ پراجکٹ زیر آب آنے سے متعلق اراضی پر سماعت کی۔ دونوں لیڈروں نے آنجہانی راجہ لنگا مورتی کی جانب سے کی گئی شکایت کی بنیاد پر بھوپل پلی ضلع کوٹ کی طرف سے انہیں جاری کردہ نوٹسوں کو کالعدم قرار دینے کی ہائی

کورٹ سے اپیل کی۔ ان کے وکلاء نے عدالت کو بتایا کہ ڈسٹرکٹ کورٹ کو ان لیڈروں کو نوٹسیں جاری کرنے کا کوئی اختیار نہیں ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ شکایت کنندہ راجہ لنگا مورتی ابھی اس دنیا میں نہیں ہے۔ اس موقع پر جج نے میڈیا رپورٹس کے ذریعہ شکایت کنندہ کی موت کو تسلیم کیا اور موجودہ کیس کو آگے بڑھانے پر سوال کھڑے کئے۔ تاہم سرکاری وکیل نے شکایت کنندہ کے مرنے کے باوجود کیس کو جاری رکھنے کی عدالت سے گزارش کی۔ انہوں نے سپریم کورٹ اور ہائی کورٹ کے فیصلوں کا حوالہ دیا۔ سرکاری وکیل نے عدالت سے اپنی بات رکھنے کے لئے مزید وقت مانگا۔ ہائی کورٹ نے اس کیس کی سماعت پیر تک کے لئے ملتوی کردی۔

MAOIST:

ممنوعہ سی پی آئی ماؤسٹ پارٹی کی رکن وگوتی کویا ایریا کمیٹی کے پروٹیکشن گروپ کمانڈر ونجم کیشا عرف جنی نے آج ورنگل پولیس کمشنر عنبر کشور کے سامنے خود سپردگی کی۔ پولیس کمشنر نے بتایا کہ ونجن کیشا کے والد ہیڈما بھی ایک ماؤسٹ پارٹی ورکر ہے اور وہ فی الحال چھتیس گڑھ کے رسا پلی گاؤں کی ایک جیل میں ہے۔ کیشا بچپن میں چیتنیا ناٹیا منڈلی سے وابستہ تھیں۔ بعد میں وہ ماؤسٹ پارٹی میں شامل ہوئی۔ پولیس کمشنر نے مزید بتایا کہ کیشا نے ریاستی حکومت کی ماؤسٹوں کی خود سپردگی کے حوالہ سے باز آبادکاری اسکیموں سے متاثر ہوکر خود کو پولیس کے حوالہ کیا۔ کیشا پر 4 لاکھ روپے کا انعام تھا۔

KTR:

بی آر ایس کے کارگذار صدر و سرسلہ کے رکن اسمبلی کے ٹی راما راؤ نے ان کے خلاف بنجارہ ہلز اور مشیر آباد پولیس اسٹیشن میں درج دو مقدمات کو خارج کرنے کے لئے آج ہائی کورٹ دو عرضیہ داخل کیں۔ تارک راما راؤ کا کہنا ہے کہ ان کے خلاف کوئی درست وجوہات کے بغیر مقدمات درج کئے گئے ہیں۔ واضح رہے کہ کے ٹی آر نے وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی پر بلڈرس اور کنٹراکٹرس سے ڈھائی ہزار کروڑ روپے وصول کرنے کا الزام لگایا۔

CM:

تلنگانہ کے وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی نے آج وقار آباد ضلع میں پولے پلی میں رینوکا ایلما ں تلی مندر میں پوجا کی۔ انہوں نے مندر میں ریشمی ملبوسات بھینٹ کئے اور خصوصی پوجا کی۔ ریاستی وزرائ دامودھر راج نرسمہا، پی سرینواس ریڈی، جو پلی کرشنا راؤ اور دیگر عہدیداران اس موقع پر موجود تھے۔

PM - SOUL:

وزیراعظم نریندرمودی نے اِس بات پر زور دیا کہ ملک کے ہر شعبہ میں حرکیاتی لیڈروں کی ضرورت ہے کیونکہ ہندوستان طاقت کے طور پر ابھر رہا ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ ملک کو ایسے باصلاحیت لیڈروں کی ضرورت ہے جو رجحان ساز ہوں اور عالمی مسائل کا حل تلاش کرسکیں۔ وزیراعظم نے آج بھارت منڈپم نئی دہلی میں اسکول آف الٹی میٹ لیڈرشپ (سول) کانکلیو کے پہلے ایڈیشن کا افتتاح کیا۔ اِس موقع پر خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے عالمی سطح کی حکمرانی اور دنیا کی بہترین پالیسی تیار کرنے کے لئے درکار ضروری اقدامات کرنے پر زور دیا۔ عالمی سطح کی قیادت کی تیاری میں سول کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے مودی نے کہا کہ ملک کی ترقی میں انسانی وسائل کا اہم کردار ہوتا ہے۔

KRMB:

کرشنا ریور مینجمنٹ بورڈ کے آر ایم بی نے آج منعقد ہونے والے اپنی ہنگامی میٹنگ کو پیر تک کے لئے ملتوی کردیا ہے۔ آندھراپردیش کے عہدیداروں کی گزارش پر میٹنگ کو ملتوی کیا گیا۔ کے آر ایم بی نے آندھراپردیش اور تلنگانہ کے عہدیداروں پر زور دیا کہ وہ اس اہم میٹنگ میں ضرور شرکت کریں۔ آندھراپردیش عہدیداروں کی غیر موجودگی کے باوجود تلنگانہ کے نمائندے میٹنگ میں شرکت کرتے ہوئے اپنا موقف پیش کرنا چاہتے تھے۔ سری سیلم اور ناگرجنا ساگر کے ذخائر آب سے پانی کی تقسیم کے تنازعہ پر یہ میٹنگ ہونے والی ہے۔

LRS:

ریاستی حکومت نے ایل آر ایس اسکیم کے امیدواروں کو Pro-Rata اوپن اسپیس چارجس اور ریگولرائزیشن چارجس پر 25 فیصد ری بیٹ دینے کے احکامات جاری کئے ہیں۔ چیف سکریٹری شانتی کماری نے احکامات جاری کرتے ہوئے کہا کہ امیدواروں کو یہ آپشن رہے گا کہ وہ بلڈنگ پرمیشن حاصل کرتے ہوئے Pro-Rata اوپن اسپیس کے چارجس ادا کریں۔ یہ تازہ احکامات تلنگانہ ریگولرائزیشن آف اَن اپروڈ اینڈ الیگل لے آؤٹ رولس 2020ء کی ترمیم کا حصہ ہے۔

○○